تبصرے

Mohammad and teaching of Quran..... از محمد امین صاحب

تقطیع خورد ضخامت ۱۱۱ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت عہ ناشر شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور

مسٹر جون ڈیون پورٹ نامی ایک انگریز مصنف نے عرصۂ دراز ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ، قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے محاسن پر تین کتابیں لکھی تھیں جو کافی ضخیم تھیں اور جن کے مطالعہ کے لئے ایک فرصت درکار تھی۔ محمد امین صاحب نے ان تینوں کتابوں کا خلاصہ تین ابواب کے ماتحت زیرتبصرہ اسی ایک کتاب میں درج کردیا ہے تاکہ ایک مصروف آدمی بھی اس کا مطالعہ کرکے روشنی اور ہدایت حاصل کرسکے۔

جون ڈیونپورٹ انگریز مصنفین میں بہت غنیمت ہے جس نے حتی الوسع صحیح واقعات جمع کئے ہیں۔ قرآن مجید کی اصل اسپرٹ کو سمجھنے کی کوشش کی ہے اور اسی وجہ سے اُن اعتراضات کے جوابات خود اس نے لکھے ہیں جو کفار مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کرتے تھے۔ انگریزی دانوں کیلئے اس کتاب کا مطالعہ بے شبہ فائدہ اور بصیرت کا سبب ہوگا۔

Some Moral and religious teachings of al-Ghazzali. امام غزالیؒ کی بعض اخلاقی اور مذہبی تعلیمات از پروفیسر سید نواب علی۔ تقطیع خورد ضخامت

۴۸ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت دو روپیہ۔ ناشر شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور

پروفیسر سید نواب علی ہمارے ملک کے پرانے اور روشناس ارباب قلم میں سے ہیں۔ جو کچھ لکھتے ہیں۔ بہت کچھ غور و فکر اور تحقیق و تلاش کے بعد لکھتے ہیں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ موصوف نے اس کتاب میں جس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۱ء میں شائع ہوا تھا امام غزالیؒ کی بعض اخلاقی اور